© rasailojaraid.com

اساتذہ، طلبہ کے ایک بڑے اجتماع سے عالمانہ وناصحانہ خطاب فرمایا۔اپنے خطاب کے آخر میں معزز مہمان نے جامعات کے بانی حضرت مولانا حافظ عبدالغفور۔رحمہ اللہ اوران کے مرحوم بیٹے علامہ محمد مدنی۔رحمہ اللہ۔کی دینی خدمات کوخراج تحسین پیش کیا۔اوردعا کی کہ اللہ تعالیٰ ان دینی اداروں کوتاقیامت قائم ودائم رکھے (آمین)

## رئیس الجامعہ کارانا شفیق خاں پسروری سے ان کی والدہ کی وفات پراظہار تعزیت

مورخہ 10 مارچ بروز جمعۃ المبارک رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر صاحب نے رانا محمد شفیق خاں پسروری اسسٹنٹ سیکرٹری جنرل مرکزیہ سے ان کی والدہ محترمہ کی وفات پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا۔اوردعا کی کہ اللہ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے (آمین) اس موقع پر رئیس الجامعہ کے ہمراہ سید ثناء اللہ شاہ صاحب ناظم جامعہ سردار للبنات اہل حدیث رانیوال سیداں ضلع گجرات اور مولانا سید الطاف الرحمٰن شاہ صاحب رکن شوریٰ مرکزی جمعیت اہل حدیث ضلع گجرات بھی تھے۔اس موقع پر حافظ صاحب نے رانا شفیق خاں پسروری سے سیالکوٹ کانفرنس کے حوالے سے بھی بات چیت کی۔

## شیخ خالد مسعود کا انتقال پرملال

پاکستان میں کویت کے تعاون سے مساجد تعمیر کرنے والے ادارے ''لجنۃ المساجد'' کے ناظم جناب خالد مسعود بھنڈاری 11 فروری کو گوجرانوالہ میں اچانک وفات پاگئے۔اناللہ وانا الیہ راجعون! مرحوم تعمیر مساجد کے مخلصانہ عمل میں نہایت مستعد اور تیز تھے۔ان کی کوشش سے بالخصوص پنجاب میں ایک سو سے زائد مسجدیں بنیں۔گذشتہ پچیس سال سے وہ اس کار خیر میں مصروف تھے۔گوجرانوالہ میں ان کی نماز جنازہ مولانا حافظ عبدالمنان نورپوری نے پڑھائی پھران کے آبائی قصبے ایمن آباد میں ان کی میت لائی گئی تو وہاں مولانا یاسین ظفر پرنسپل جامعہ سلفیہ فیصل آباد نے ان کی خدمات کا تذکرہ کیا اور خراج تحسین پیش کیا۔دوسری نماز جنازہ مولانا بشیر طیب نے پڑھائی۔

رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر صاحب نے اپنے ایک بیان میں مرحوم کی خدمات کو سراہا، مرحوم کی وفات پر دلی اظہار تعزیت کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق اور مرحوم کو اعلیٰ علیین میں مقام عطافرمائے (آمین)


© rasailojaraid.com